# 02-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت کے مالی تعاون سے ریاست میں باریک چاول کی اسکیم پر عمل آوری ہورہی ہے۔

۲۔ریاستی حکومت نے شہری علاقوں میں تعمیر کروائے جانے والے اندراماں مکانات کے قواعد میں راحت دی ہے۔

۳۔ریاست کے سات میڈیکل کالجس میں 75 پی جی سیٹس کے اضافہ کو نیشنل میڈیکل کمیشن کی جانب سے منظوری۔

۴۔خلیج بنگال میں بنے ہوئے ہوا کے کم دباؤ کے اثر سے اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ریاست بھر میں بارش ہونے کی محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔

## Ration Card

مرکزی حکومت نے واضح کیا ہے کہ راشن کارڈ میں شامل ہر شخص کو ای کے وائی سی کروانا ضروری ہے۔واضح کیا گیا ہے کہ اگر کوئی ایک شخص بھی کے وائی سی نہیں کرواتا ہے اور مسلسل 6 ماہ تک چاول نہیں لئے جاتے تو راشن کارڈ منسوخ ہوجائے گا۔نئے راشن کارڈ حاصل کرنے والے خاندانوں کو ای۔کے وائی سی لازمی قرار دیا گیا ہے۔

## New Voters

ریاستی الیکشن کمیشن نے ریاست میں مجالس مقامی انتخابات کے پیش نظر گرام پنچایتوں میں وارڈ گیر سطح پر نئے ووٹرس کے ایک بار پھر اندراج کا ضلع کلکٹرس کو مشورہ دیا ہے۔گزشتہ ماہ ایک تاریخ تک

18 سال کی عمر مکمل کرنے والے اور مرکزی الیکشن کمیشن کی جانب سے تیار کردہ حلقہ واری ووٹر لسٹ میں اِس مہینہ کی 15 تاریخ تک اندراج کروانے والے ووٹرس کے ناموں کو مجالس مقامی انتخابات کی ووٹر لسٹ میں شامل کروانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

Warangal Mayor

گریٹر ورنگل میئر گنڈ وسودھا رانی نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی ہر طرح سے مدد کی جائے گی۔ انہوں نے آج ورنگل کے تحت سیلاب سے متاثرہ این ٹی آر کالونی رامنا پیٹ، سنتوشی ماتا کالونی، گنگا پترا کالونی، ڈی آر نگر کے علاوہ ہنمکنڈہ کے پرگتی نگر، وویک نگر کالونیوں کا کمشنر چاہت باجپائی کے ساتھ دورہ کیا۔ اس موقع پر میئر نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے نقصانات کا جائزہ لیتے ہوئے ممکنہ مدد کی جائے گی۔

PG SEATS

تلنگانہ میں سات میڈیکل کالجس میں پی جی سیٹس میں اضافہ کو این ایم سی نے منظوری دے دی ہے۔ عثمانیہ میڈیکل کالج، نظام آباد، محبوب نگر، سدی پیٹ، سوریہ پیٹ، نلگنڈہ، راما گنڈم میڈیکل کالجس میں جملہ 75 پی جی نشستوں کی منظوری دیتے ہوئے احکامات جاری کئے گئے۔ یہ نشستیں جاریہ سال سے ہی کالجس میں دستیاب رہیں گی۔ میڈیکل کالجس میں معیاری سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت کی جانب سے زائد فنڈس منظور کئے جائیں گے۔

Anganwadi

ریاستی حکومت نے گریٹر حیدرآباد کے حدود میں واقع آنگن واڑی مراکز میں چھوٹی بچوں کو دوپہر کے کھانے کے ساتھ ساتھ صبح کا ناشتہ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مہینہ کی 14 تاریخ کو یوم اطفال

کے موقع پر اس اسکیم کا آغاز ہوگا۔ حیدرآباد، رنگاریڈی، میڑچل اضلاع کے تحت جملہ 3 ہزار 253 آنگن واڑی مراکز سے وابستہ بچوں کو اس اسکیم کے ذریعہ فائدہ پہنچے گا۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کے اس بیان پر اعتراض کیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ جوبلی ہلز ضمنی انتخاب میں کانگریس پارٹی کو ووٹ نہ دینے پر باریک چاول کی اسکیم منسوخ ہوجائے گی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ چیف منسٹر کے عہدہ پر فائز شخص کو اس طرح کی دھمکی آمیز سیاست زیب نہیں دیتی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلہ میں الیکشن کمیشن سے شکایت کی گئی ہے۔ کشن ریڈی نے واضح کیا کہ باریک چاول کی اسکیم کانگریس پارٹی کی نہیں ہے، ان چاولوں پر مرکزی حکومت کی جانب سے فی کلو 42 روپے فراہم کئے جارہے ہیں جبکہ اس میں ریاست کا حصہ صرف 15 فصد ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق جنوبی میانمار اور شمالی انڈومان کے سمندر کے اطراف کے علاقہ میں ہوا کا موجودہ دباؤ بدستور برقرار ہے۔ محکمہ موسمیات نے اس کے اثر سے خلیج بنگال کے مشرقی وسطی علاقہ میں ہوا کے کم دباؤ کا علاقہ بننے کے امکانات ظاہر کئے ہیں۔ اس کے عرصہ سے ریاست میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران بعض اضلاع میں بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق میدک، رنگاریڈی، نظام آباد، عادل آباد، نلگنڈہ، متحدہ اضلاع میں بعض مقامات پر موسلادھار بارش کا امکان ہے۔

Indiramma house

ریاستی حکومت نے اندراماں مکانات کی تعمیر سے متعلق قواعد کا اعلان کیا ہے۔شہری علاقوں میں قواعد کے مطابق مکان کی تعمیر کیلئے جگہ دستیاب نہ ہونے پر G+1 تعمیر کرنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ عہدیداروں کا کہنا ہے کہ اس انتظامی اقدام سے اندراماں مکانات کی تعمیر میں مزید تیزی کا امکان ہے۔

handicap equipment

راجنا سرسلہ ضلع میں اہل جسمانی طور پر معذرین اور بزرگ افراد میں کل سے اِس مہینہ کی 11 تاریخ تک ضروری اشیاء تقسیم کی جائیں گی۔ یہ بات متعلقہ محکمہ کے عہدیدار پی لکشمی راجم نے بتائی۔انہوں نے کہا کہ اس کیلئے خصوصی کیمپ لگایا جائے گا۔اس موقع پرانہوں نے آ کاش وانی سے بات چیت کی۔

Sound Byte

Cotton Salt

مانا کنڈور کے رکن اسمبلی ڈاکٹر کے ستیہ نارائنا نے کہا ہے کہ کپاس کی خریداری کے معاملہ میں بدعنوانیوں کوروکنے اورشفافیت میں اضافہ کے مقصد سے کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کی جانب سے سلاٹ بکنگ کے طریقہ کار پر عمل کیا جارہا ہے۔انہوں نے کسانوں کومشورہ دیا کہ سی سی آئی اورزرعی عہدیداروں کی جانب سے دئے گئے مقررہ وقت تک ہی کپاس خریداری کے مراکز منتقل کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جاریہ سال حکومت نے کپاس کی اقل ترین امدادی قیمت فی کنٹل 8ہزار110 روپے رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

Sound Byte

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے الزام عائد کیا کہ ہائیڈرا کا رویہ انصاف کے معاملہ میں غریب اور دولت مند افراد کیلئے الگ الگ ہے۔

Secunderabad Railway station

سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ترقی دی جارہی ہے۔امرت بھارت اسکیم کے تحت اس ریلوے اسٹیشن کی 714.73 کروڑ کی لاگت سے جدید کاری کے کام کئے جارہے ہیں۔ابھی تک 46 فیصد کام مکمل ہوچکے ہیں۔ یہ بات مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بتائی۔

Montha Tufan

ریاستی حکومت کے چیف سکریٹری رراما کرشنا راؤ نے تمام ضلع کلکٹر کو ریاست میں مونتھا طوفان کے اثر سے ہونے والی بارش کے نقصانات کا تخمینہ لگاتے ہوئے فوری حکومت کو رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔انہوں نے کہاہ اضلاع میں فصلوں کے نقصانات کے ساتھ ساتھ سڑکوں، آبی وسائل ،مویشیوں اور جانی نقصانات کے علاوہ دیگر نقصانات کی تفصیلات ابتدائی رپورٹ میں شامل کریں۔اسی طرح مسلسل زیرآب آنے والے علاقوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اس مسئلہ کی مستقل یکسوئی کیلئے اقدامات کا بھی مشورہ دیا گیا ہے۔

○○